بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

پریس ریلیز نمبر 35/17

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ کے زیر اہتمام منعقدہ امتحان انٹر میڈیٹ سالانہ 2017ء کے غیر جانبدار، مستند اور اغلاط سے پاک نتائج کی اشاعت مورخہ 12-09-2017 کو ہو چکی ہے۔ پرائیویٹ امیدواران کے رزلٹ کارڈ داخلہ فارم پر دیئے گئے گھریلو پتہ جات پر ارسال کر دیئے گئے ہیں۔ ریگولر امیدواران کے ادارہ جات اپنے الاٹ شدہ Username/Password سے اپنے ادارہ کے رزلٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کریں جس پر سربراہ ادارہ اپنے دستخط و مہر ثبت کر کے متعلقہ طالب علموں کو وصول کروائیں۔ ان طالب علموں کو بورڈ کی طرف سے علیحدہ رزلٹ کارڈ نہیں بھیجے جائیں گے۔ ایسے پرائیویٹ امیدواران جنہیں 20-09-2017 تک رزلٹ کارڈ نہ ملیں وہ اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (انٹر) سے بالمشافہ یا بذریعہ فون 9200751-55 ایکسٹینشن نمبر 175 پر رابطہ کریں اور وہ امیدواران جنہوں نے اعتراضاتی مراسلہ جات کا جواب نہیں دیا۔ یا ایسے امیدواران جن کے ذمہ فیس کے بقایا جات ہیں۔ ان کے رزلٹ کارڈ روک لئے گئے ہیں۔ وہ اپنے بقایا جات جلد از جلد بورڈ کے کھاتہ میں جمع کروا کر اپنے رزلٹ کارڈ حاصل کریں۔ مزید یہ کہ ایسے امیدواران جنہوں نے مارکس امپروو کیے ہیں، ان کے رزلٹ کارڈ دفتر ہذا میں روک لیے گئے ہیں۔ تاکہ وہ اپنے سابقہ رزلٹ کارڈز بورڈ کو جمع کروا کر نئے رزلٹ کارڈز حاصل کر سکیں۔ امتحان انٹر میڈیٹ /علوم شرقیہ سپلیمنٹری 2017ء مورخہ 21-10-2017 سے شروع ہو رہا ہے۔ ایسے فیل شدہ امیدواران جو امتحان انٹر میڈیٹ / علوم شرقیہ سپلیمنٹری 2017ء میں شرکت کے خواہاں ہیں۔ وہ درج ذیل شیڈول کے مطابق داخلہ فارم جمع کروائیں۔

1.	سنگل فیس کے ساتھ آخری تاریخ	27 ستمبر 2017ء
2.	ڈبل فیس کے ساتھ آخری تاریخ	03 اکتوبر 2017ء
3.	تین گنا فیس کے ساتھ آخری تاریخ	06 اکتوبر 2017ء

(درج بالا شیڈول سے ہٹ کر کوئی داخلہ فارم وصول نہیں ہوگا)

نـــوٹ : مزید براں امتحان انٹر میڈیٹ /علوم شرقیہ سپلیمنٹری 2017ء کے لیے داخلہ فارم بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.bisegrw.com سے ڈاؤن لوڈ کیے جائیں گے بینکوں سے مینوئل داخلہ فارم ہرگز دستیاب نہیں ہوں گے۔

واضح رہے کہ حسب قواعد فیس اور داخلہ فارم مقررہ تاریخ تک حبیب بینک کی مقرر کردہ برانچوں میں جمع کروا کر بینک سے فارم وصولی کی رسید حاصل کرنا لازمی ہوگی۔ جس کی تمام تر ذمہ داری امیدوار پر عائد ہوگی۔

-دستخط-

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع

1. جناب ڈائریکٹر تعلقات عامہ گوجرانوالہ ڈویژن، گوجرانوالہ
2. جناب مینیجر حبیب بینک لمیٹڈ بورڈ کیمپس، گوجرانوالہ
3. جناب سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)
4. داخلی تقسیم

اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)

مورخہ 12-09-2017